امید ہے کہ یہ سلسلہ اردو زبان کی تعلیم کو سہل بنانے میں کارگر ثابت ہوگا۔

ترکی افسانے ترجمہ مولانا عبدالرزاق ملیح آبادی۔ تقطیع خورد۔ ضخامت ۲۲۲ صفحات کتابت طباعت عمدہ کاغذ متوسط قیمت عہ پتہ:۔ دفتر اخبار "ھند" کلکتہ۔

یہ چند بلند پایہ ترکی افسانوں کا ترجمہ ہے جو عربی زبان کے واسطہ سے اردو میں کیا گیا ہے۔ پہلے یہ افسانے ایک ایک کرکے ہفتہ وار ہند میں شائع ہوتے رہے تھے اب انھیں کتابی صورت میں پیش کیا گیا ہے۔ ان افسانوں کا مقصد محض تفریح خاطر اور دفع الوقتی نہیں، بلکہ ان میں ترکوں کی زندگی کے ان خطوط و نقوش کو نمایاں کیا گیا ہے جو قیام جمہوریت کے بعد سے وہاں رونما ہوگئے ہیں۔ ان افسانوں سے ترکوں کے معاشرتی اور ذہنی انقلاب اور ان کے جدید رجحانات پر روشنی پڑتی ہے اور ان کی موجودہ زندگی کے دونوں رخ اچھے اور برے صاف صاف نظر آجاتے ہیں۔ ترجمہ کی سلاست و شستگی اور زبان کی سادگی و روانی کے لئے لائق مترجم کا نام کافی ضمانت ہے۔

اقبال کی پیش گوئیاں مرتبہ جناب عرشی صاحب امرت سری تقطیع کلاں ضخامت ۱۶ صفحات کتابت و طباعت عمدہ قیمت ۳ پتہ:۔ دفتر امت مسلمہ امرت سر (پنجاب)

ہر قومی شاعر جب کسی خاص ماحول سے متاثر ہوکر اپنی قوم کو کوئی پیغام دیتا ہے تو لازمی طور پر اس کے کلام میں بعض مستقبل کے واقعات کی نسبت کچھ پیش گوئیاں آہی جاتی ہیں۔ اس مختصر مجموعہ میں عرشی صاحب نے ڈاکٹر اقبال مرحوم کے کلام کا تتبع کرکے ایسے اشعار یکجا کردیئے ہیں جن میں اسلام کے عروج۔ تمدن مغربی کا زوال۔ اور جدید نظام عالم وغیرہ کی نسبت پیش گوئیاں کی گئی ہیں۔ سرلوح پر یہ شعر لکھا ہوا ہے۔

خبر ملی ہے خدایانِ بحر و بر سے مجھے فرنگ رہگذر سیل بے پناہ میں ہے

موقع بموقع عرشی صاحب نے اشعار کی تشریح کرکے بعض خاص خاص واقعات پر ان کو منطبق بھی